## سوال

(598) کیا سجدے میں پاؤں ملاتے ہوئے انگلیاں اندر کی طرف ہوں گی یا باہر کی طرف؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سجدے کی حالت میں پاؤں ملانے کی صورت میں کیا انگلیاں اندر کی طرف ہوں گی یا باہر کی طرف؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری (۸۲۸) اور سنن ابی داؤد (۷۳۲) وغیرہ میں ابو حمید کی حدیث میں ہے، کہ پاؤں کی انگلیوں کے سرے قبلے کی طرف مڑے ہونے چاہئیں اور قدموں کو کھڑا رکھا جائے۔ اس سے معلوم ہوا پاؤں کی انگلیاں اندر قبلہ رُخ ہونی چاہئیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :526

محدث فتویٰ